تعلیمی سال 26-2025 کے لیے FERPA کا سالانہ نوٹیفیکیشن

فیملی ایجوکیشنل رائٹس اینڈ پرائیویسی ایکٹ (FERPA) ایک وفاق قانون ہے جو والدین اور طلباء کو طلباء کے تعلیمی ریکارڈز اور ان ریکارڈز میں موجود کسی بھی ذاتی شناختی معلومات (PII) کے بارے میں مخصوص حقوق فراہم کرتا ہے۔ اگر آپ 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے طالب علم ہیں (جسے اہل طالب علم بھی کہا جاتا ہے)، تو یہ حقوق آپ کے لیے ہیں۔ اگر آپ 18 سال سے کم ہیں، تو یہ حقوق آپ کے والدین کے لیے ہیں۔

مختصراً، FERPA آپ کو درج ذیل حقوق فراہم کرتا ہے:

1. تعلیمی ریکارڈز کا معائنہ اور جائزہ 45 دن کے اندر کرنے کا حق۔

اپنے تعلیمی ریکارڈز تک رسائی کے لیے آپ کو پرنسپل کے پاس تحریری درخواست جمع کروانا ہوگی۔ (طالب علم کے ریکارڈز کے لیے درخواست کے فارم آن لائن دستیاب ہیں)۔ آپ کی شناخت اور درخواست شدہ ریکارڈز تک رسائی کی اجازت کی تصدیق کے بعد، NYCPS آپ کو درخواست کردہ ریکارڈز کی ایک نقل فراہم کرے گا یا درخواست کردہ ریکارڈز کا جائزہ لینے کے لیے وقت اور جگہ طے کرے گا۔

2. تعلیمی ریکارڈز میں تبدیلیوں کی درخواست کریں جو آپ کے خیال میں غلط، گمراہ کن ہیں، یا FERPA کے تحت طالب علم کی رازداری کے حقوق کی خلاف ورزی کرتی ہوں۔

تبدیلی کی درخواست دینے کے لیے، پرنسپل کو تحریری درخواست دیں (ای میل بھی قابل قبول ہے)، جس میں واضح کریں کہ آپ کس ریکارڈ میں تبدیلی چاہتے ہیں، آپ کے خیال میں موجود معلومات غلط، گمراہ کن، یا طالب علم کے رازداری حقوق کی خلاف ورزی کیسے کرتی ہیں، اور آپ کون سی تبدیلی تجویز کرتے ہیں۔ اگر NYCPS تعلیمی ریکارڈز میں درخواست کردہ تبدیلیاں نہ کرنے کا فیصلہ کرتا ہے تو آپ کو یہ معلومات فراہم کی جائیں گی کہ آپ اس فیصلے کے خلاف اپیل کیسے کریں اور سماعت کے لیے درخواست کیسے دیں۔

3. طالب علم کے تعلیمی ریکارڈز میں موجود ذاتی شناختی معلومات (PII) جاری کرنے سے پہلے تحریری رضامندی ضروری ہے۔

تاہم، بعض صورتوں میں، FERPA والدین کی رضامندی کے بغیر معلومات افشاء کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ طلباء کی ذاتی شناختی معلومات (PII) والدین کی رضامندی کے بغیر کب جاری کی جا سکتی ہیں، اس کی مثالیں درج ذیل ہیں:

- اسکول کے ان اہلکاروں کو جو اس معلومات میں جائز تعلیمی دلچسپی رکھتے ہوں۔
- جب کوئی طالب علم کسی دوسرے اسکول، ضلع، یا تعلیمی ادارے میں داخلہ لیتا ہے یا منتقل ہوتا ہے۔
- مجاز حکومتی اہلکاروں کو آڈٹ یا جانچ پڑتال کے لیے۔
- طلباء کی مالی معاونت (financial aid) کی درخواستوں کے سلسلے میں۔
- ان تنظیموں کو جو NYCPS کے لیے یا NYCPS کی جانب سے علمی تحقیق کر رہی ہوں۔
- IRS ٹیکس مقاصد کے لیے، 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے طلباء کے والدین کو، اگر طالب علم ان پر انحصار کرتا ہو۔
- عدالتی حکم یا قانونی طور پر جاری شدہ حکم (subpoena) کی تعمیل کے لیے۔
- متعلقہ حکام کو جب صحت یا حفاظت کے بارے میں کوئی ہنگامی صورتحال کا سامنا ہو۔
- جب NYCPS مخصوص قسم کی ذاتی شناختی معلومات (PII) کو "ڈائریکٹری معلومات" کے طور پر متعین کرتا ہے۔ NYCPS کی پالیسیز ڈائریکٹری معلومات کے اشتراک کو محدود کرتی ہیں، جس میں یہ طے کیا گیا ہے کہ کس قسم کی معلومات کو ڈائریکٹری معلومات کے طور پر متعین کیا جا سکتا ہے اور کون اس معلومات کو حاصل کر سکتا ہے۔ آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ اپنے طالب علم کی ذاتی شناختی معلومات (PII) کو ڈائریکٹری معلومات کے طور پر جاری کرنے سے انکار کر سکتے ہیں۔

4. **اگر آپ کو لگتا ہے کہ NYCPS نے FERPA کی شرائط کی خلاف ورزی کی ہے، تو آپ ریاستہائے متحدہ محکمہ تعلیم میں شکایت درج کروا سکتے ہیں۔** شکایات یہاں درج کی جا سکتی ہے:

Student Privacy Policy Office
U.S. Department of Education
400 Maryland Avenue SW
Washington, DC 20202-8520
یا بذریعہ ای میل FERPA.Complaints@ed.gov کو

5. **FERPA کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں نوٹس موصول کریں۔**